8593-اگروہ قبول اسلام کا اعلان کرے تواسے تنخواہ سے محروم ہونا پڑے گا توکیا وہ اسے چھپا کررکھے

سوال

میں نے نصف برس قبل اسلام قبول کیا تھا قبول اسلام کے بعد میں نے اپنی زندگی میں ہر قسم کی تبدیلی سے بہت زیادہ خوشی محسوس کی ہے ، لیکن ابھی تک میں نے اپنے آپ کو کاغذات میں مسلمان نہیں لکھوایا ۔

مستقبل میں میرا ارادہ ہے کہ میں مدرس بنوں لیکن مجھے ایک مشکل درپیش ہے :

وہ یہ کہ جرمنی مسلمان مدرسوں یا ٹیچروں کو ملازمت نہیں دیتا تو اس لیے مجھے ملازمت نہ ملنے کا احتمال ہے تو میرا سوال یہ ہے کہ :

کیا یہ جائز ہے کہ میں ملازمت ملنے تک اپنے اسلام کا اعلان نہ کروں بلکہ اسے چھپائے رکھوں ؟

کیا یہ ممکن ہے کہ میں اللہ تعالی کی عبادت چوری چھپے کروں اور حکومتی اداروں کو اس کا علم نہ ہوسکے کہ میں اسلام قبول کرچکا ہوں ؟

پسندیدہ جواب

میں نے یہ سوال اپنے شیخ اور استاذ فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا :

اس کے لیے ضروری اور لازم نہیں کہ وہ اپنے اسلام کا انہیں بتاتا پھرے ، اوراس میں بھی کوئی حرج نہیں کہ اگر اسے اپنی جان کا خطرہ ہو تو اپنے دین کو چھپا کر رکھے ۔ انتھی ۔

واللہ اعلم.